30-03-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے پانی کی بچت میں سماجی شراکت کی اہمیت پر زور دیا ہے۔

۲۔وزیراعظم نے اپنے من کی بات پروگرام میں بچوں کی اس بات کیلئے حوصلہ افزائی کی کہ وہ گرمی کی چھٹیوں کے دوران اپنی صلاحیتیں بڑھائیں۔

۳۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اب سے کچھ دیر بعد سوریہ پیٹ ضلع کے حضورنگر میں راشن کارڈس کے ذریعہ معیاری چاول کی تقسیم کی اسکیم شروع کریں گے۔

اور

۴۔تلگوریاستوں کے عوام نے روایتی جوش وخروش کے ساتھ اگادی تہوار منایا۔

MKB:

وزیراعظم نریندر مودی نے پانی کی بچت میں سماجی شراکت کی اہمیت پر زور دیا ہے۔اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کے 12ویں ایڈیشن میں بولتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گرمی شروع ہوتے ہی ہر شہراور گاؤں میں پانی کی بچت کی تیاریاں شروع ہوجاتی ہیں۔وزیراعظم نے تمام لوگوں سے کہا کہ وہ پچھلے برسوں کی طرح اس سال بھی کیچ دی رین مہم کیلئے تیار ہوجائیں۔

BYTE-1

وزیراعظم نے بچوں کی اس بات کیلئے حوصلہ افزائی کی کہ وہ امتحانات ختم ہونے کے بعد گرمیوں کی چھٹیوں میں اپنی صلاحیتیں بڑھائیں۔انہوں نے کہا کہ اگر کوئی تنظیم، اسکول، سماجی ادارہ یا سائنس سنٹر موسم گرما میں کوئی سرگرمی انجام دے رہا ہے تو وہ ہیش ٹیگ مائی ہالیڈیز کا استعمال کرتے ہوئے اس کی جانکاری دے۔اس پہل سے ملک بھر کے بچوں اور ان کے ماں باپ کو آسانی سے ایسے پروگرامس کے بارے میں معلومات حاصل ہوں گی۔

BYTE-2

وزیراعظم نے کپڑا ضائع ہونے پر فکر مندی کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ ایک عالمی مسئلہ بن گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہندوستان کپڑے کے کچرے کے معاملہ میں دنیا میں تیسرے نمبر پر ہے لیکن انہوں نے پرانے کپڑوں اور جوتوں کی ری سائکلنگ کے ذریعہ سجاوٹ کی چیزیں ہینڈ بیاگس، کھیلونے، اسٹیشنری اور دوسری کارآمد چیزیں بنانے کی کوششوں کی تعریف کی۔

BYTE-3

وزیراعظم نے یاددلایا کہ یوگا کے عالمی دن کیلئے 100 دن سے بھی کم وقت باقی رہ گیا ہے۔انہوں نے ان لوگوں سے جنہوں نے اب تک اپنی زندگیوں میں یوگا کو شامل نہیں کیا کہا کہ وہ کسی دیری کے بغیر یوگا شروع کریں۔

BYTE-4

وزیراعظم نے مہوا کے پھولوں سے کوکیز کی تیاری کا ذکر کیا اوران پھولوں سے مختلف ڈشس بنانے کے لئے تلنگانہ کے عادل آباد ضلع کے دو عادی واسی بہنوں کی تعریف کی۔

BYTE-5

MKB REACTION:

وزیراعظم کے من کی بات خطاب پر عوام کے الگ الگ گوشوں سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

BYTE

ANNOUNCEMENT:

آکاش وانی آج رات 8 بجے وزیراعظم نریندر مودی کے من کی بات خطاب کا تلگو ترجمہ پیش کرے گی۔

UGADI:

تلگو ریاستوں کے عوام نے آج جوش وخروش اورخوشیوں کے ساتھ اگادی تہوار منایا۔اس موقع پر مندروں میں خصوصی پوجا کی گئی۔پن چنگا سراونم،کووی سمیلن اورتحریری پروگراموں کا اہتمام کیا گیا۔شاعروں اورفنکاروں کوتہنیت پیش کی گئی۔حکومت کی طرف سے حیدرآباد کے روبندرا بھارتی میں اگادی تقریب کے موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت ریاست کی ترقی اورعوام کی بھلائی کے لئے مسلسل کوشش کررہی ہے۔انہوں نے موسیٰ ندی کوخوبصورت بنانے اورفیوچر سٹی منصوبے جیسے پراجکٹس کا ذکر کیا۔وزیراعلیٰ نے یہ بھی کہا کہ تلنگانہ نے ملک میں اعلیٰ قسم کی دھان پیدا کرنی والی ریاست کی حیثیت سے اپنا مقام بنایا ہے۔اس موقع پر ویدک اسکالر بچم پلی سنتوش کمار شاستری نے پن چنگا سروانم کا اہتمام کیا۔غیر معمولی خدمات انجام دینے والوں میں اگادی ایوارڈس تقسیم کئے گئے۔ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ،ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ اورکئی دوسرے عوامی نمائندوں نے اس پروگرام میں شرکت کی۔اس دوران مرکزی وزیر اور بی جے پی کے ریاستی صدر جی کشن ریڈی نے حیدرآباد کے بی جے پی آفس میں اوگادی تقریب میں شرکت کی۔انہوں نے اعلان کیا کہ پارٹی کی ریاستی اورقومی کمیٹیوں کو جلد قائم کیا جائے گا۔ کانگریس پارٹی نے بھی اپنے ہیڈکوارٹر گاندھی بھون میں بڑے پیمانے پر اگادی تقریب منائی۔پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ نے اجتماع سے خطاب کیا اورکہا کہ پارٹی کی حکومت ریاست میں

کئی ترقیاتی اور فلاحی پروگراموں پر عمل کر رہی ہے۔ وجئے واڑہ میں آندھراپردیش حکومت کی طرف سے رکھی گئی اگادی تقریب میں ان لوگوں کو ایوارڈس پیش کئے گئے جنہوں نے الگ الگ شعبوں میں غیر معمولی خدمات انجام دی ہیں۔

MLA:

منچریال ضلع میں گوداوری ندی سے چینور میں آج انہوں نے اعلان کیا کہ جلد ہی ٹریفک کے مسائل حل کرنے کے لئے چینور بائی پاس روڈ کی تعمیر شروع ہوگی۔

DIED:

کاماریڈی ضلع میں آج ایک 26 سالہ عورت اور اس کے تین بچے تالاب میں ڈوب گئے۔ یہ حادثہ ایلاریڈی منڈل میں اس وقت پیش آیا جب یہ عورت کپڑے دھو رہی تھی اور اس کے بچے 9 اور 10 سال کی دو بیٹیاں اور سات سال کا ایک بیٹا نہانے کے لئے پانی میں گئے۔ یہ بچے ایک کیچڑ میں پھنس گئے اور ڈوبنے لگے، ان کی ماں انہیں بچانے کے لئے گئی لیکن سب ڈوب گئے۔ایک پولیس عہدیدار نے یہ بات بتائی۔

WEATHER:

تلنگانہ میں دو سے پانچ اپریل تک ہلکی سی اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بوندہ باندی کا امکان ہے۔حیدرآباد میٹرولوجیکل سنٹر نے بتایا کہ اگلے دو دن زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں کوئی بڑی تبدیلی نہیں ہوگی۔اس کے بعد اگلے تین دن کے دوران درجہ حرارت میں آہستہ آہستہ دو تا تین ڈگری کی کمی آئے گی۔

CBI:

سی بی آئی نے انکم ٹیکس کے چھ عہدیداروں کے خلاف ایک کیس درج کیا ہے۔جن میں پانچ حیدرآباد کے ہیں۔ان میں دو انکم ٹیکس انسپکٹرس اور تین سینئر ٹیکس اسسٹنٹس ہیں۔ایک خانگی شخص کے خلاف بھی کیس درج کیا گیا جو چارٹرڈ اکاؤنٹینٹ کی حیثیت سے کام کرتا ہے۔ان کے خلاف انکم ٹیکس دہندگان کو دھوکہ دینے اور ان سے غیر ضروری فائدہ حاصل کرنے کے الزام میں مقدمہ درج کیا گیا۔سی بی آئی نے حیدرآباد میں چھ مقامات پر ملزمین کے گھروں پر تلاشی لی جس کے دوران بعض قابل اعتراض دستاویزات برآمد کی گئی۔مزید تحقیقات جاری ہیں۔

TSPC:

تلنگانہ پبلک سروس کمیشن نے گروپ I جنرل رینکنگ لسٹ جاری کی ہے۔ امیدوار سرکاری ویب سائٹ پر اپنی رینکنگ دیکھ سکتے ہیں۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ عورتوں نے سرکردہ دس میں سے چھ مقامات حاصل کئے ہیں۔ جن میں 550 مارکس کے ساتھ پہلا رینک بھی شامل ہے۔

CM-GOVERNOR:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے راج بھون حیدرآباد میں گورنر جشنو دیو ورما سے ملاقات کی اور اگادی کی مبارکباد دی۔ یہ میٹنگ کافی اہمیت رکھتی ہے اور ایک ایسے وقت ہوئی جب اگلے ہفتہ کابینہ میں توسیع کی قیاس آرائیاں کی جارہی ہیں۔

CRICKET:

سن رائزرس حیدرآباد نے وشاکھاپٹنم میں کھیلے جانے والے آئی پی ایل میچ میں دہلی کیپٹل کے سامنے 164 رنس کا نشانہ رکھا۔ سن رائزرس نے 18.4 اوورس میں 163 رنس بنائے۔ انکت ورما نے سب سے زیادہ 74 رنس بنائے۔ دہلی کیپٹلس کے باؤلرس مشل اسٹارک نے پانچ اور کلدیپ یادو نے تین وکٹ لئے۔

SINGARENI:

سنگارینی کالریز کمپنی نے اس مہینہ کی 28 تاریخ کو 3.25 لاکھ ٹن کوئلہ منتقل کیا ہے جو 136 سال کی تاریخ میں ایک ریکارڈ ہے۔ کمپنی کے سی ایم ڈی بلرام نے یہ بات بتائی۔ انہوں نے اس کارنامہ کا سہرا عہدیداروں اور ورکرس کے سر باندھا۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ کمپنی آنے والے دنوں میں بھی پیداوار کی ایسی سطح حاصل کرتی رہے گی۔

CM-RICE:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اب سے کچھ دیر بعد سوریہ پیٹ ضلع کے حضورنگر میں راشن کارڈس کے ذریعہ معیاری چاول تقسیم کرنے کی اسکیم شروع کریں گے۔ پہلی اپریل سے ہر راشن کارڈ پر چھ کلو فائن رائز دیا جائے گا۔ اس اسکیم سے 3.15 کروڑ لوگوں کو فائدہ پہنچے گا۔ مرکز اس اسکیم پر آنے والے 10 ہزار کروڑ خرچ میں سے آدھا خرچ برداشت کرے گا۔

OO